فاتحہ کا طریقہ

اے مالک و مولی اے الہ العالمین ! جو کچھ قرآن پاک درود شریف اور ذکر واذ کار کیا گیا اس کے پڑھنے میں کسی بھی طرح کی لفظی معنوی کوئی خامی ہوئی ہو اپنی شان کریمی سے اس کو معاف فرما اور اپنے شایان شایان اس کا ثواب عطا فرما۔ اس فاتحہ اور شیرنی کا ثواب سب سے پہلے نبیوں کے سردار خاتم پیغمبراں جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ مقدسہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر نبی پاک ﷺ تک جتنے بھی انبیاے کرام ورسلان عظام تشریف لائے ہیں ان سب کی بارگاہ مقدسہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ آپ ﷺ کی جملہ ازواج مطہرات، اولاد پاک اہل بیت اطہار کی بارگاہ مقدسہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ خلفاے راشدین، جملہ صحابہ کرام وصحابیات تابعین و تابعات رضوان اللہ علیھم اجمعین کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ حضرت امام باقر، امام جعفر صادق، امام کاظم رضی اللہ عنہم کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ ائمہ مجتہدین، صدیقین، شہدا صالحین کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ ائیمہ اربعہ حضرت امام اعظم، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم اجمعین کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ آپ کے تلامذہ حضرت امام محمد، امام یوسف، امام زفر وغیرہ رضی اللہ عنہم اجمعین کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ سلسلۂ عالیہ، قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ، مشائخ نقشبندیہ کے تمام بزرگوں کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ پیران پیر، روشن ضمیر، قطب الاقطاب، شاہ جیلاں سید الاَولیا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ حضرت خواجہ عثمان ہارونی رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ شہنشاہ ہندوستان حضرت خواجہ معین الدین اجمیری سجزی رحمۃ اللہ علیہ کی بارگاہ مقدسہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ حضرت بابا فرید الدین گنج شکر، حضرت صابر پاک کلیر، حضرت نظام الدین اولیا دہلوی، حضرت خواجہ بختیار کاکی، حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی، حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی، علامہ فضل حق خیر آبادی کی مقدس بارگاہوں میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ عالم اسلام کی عبقری شخصیت، مجدد دین وملت امام اہل سنت اعلیٰ حضرت عظیم البرکت فاضل بریلوی رضی اللہ کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ حجۃ الاسلام حامد رضا خان، مصطفی رضا خان مفتیٔ اعظم ہند، ریحان ملت، مجاہد ملت حضرت حبیب الرحمن صاحب، جلالۃ العلم حضور حافظ ملت کی مقدس بارگاہوں میں پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ یا اللہ ! اس فاتحہ اور شیرنی کا ثواب کل مسلمین ومسلمات کی ارواح کو پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ بالخصوص اس فاتحہ کا ثواب فلاں بن فلاں کی روح کو پیش کرتے ہیں قبول فرما۔ ان کے گناہ صغیرہ وکبیرہ معاف فرما۔ ان کو قبر کی تاریکی، سانپ بچھو کے ضرر سے محفوظ ومامون فرما۔ ان کی قبر کو جنت کی کیاری بنا۔ ان کے درجات بلند فرما۔ منکر نکیر کے سوالات ان پر آسان فرما۔ ان کے گھر والوں کو صبر جمیل عطا فرما۔ ان کے مکان، دکان، کاروبار میں رحمتیں برکتیں فرما۔ قیامت کے دن رسول اللہ ﷺ کی شفاعت نصیب فرما۔ میدان حشر میں نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں عطا فرما۔ یا اللہ ! جتنے بھی لوگ موجود ہیں یا موجود نہیں ہیں ان کے جو بھی دوست، رشتہ دار احباب وفات پا چکے ہیں ان کی ارواح کو بھی اس کا ثواب عطا فرما۔ یا اللہ ! جن کے بھی دل میں جو جو نیک مقاصد اور آرزوئیں ہیں سب کی آرزوئیں اور مقاصد کو پورا فرما۔ یا اللہ ! جو بیمار ہیں ان کو شفاے کاملہ عاجلہ عطا فرما۔ جو پریشان حال ہیں ان کی پریشانیوں کو دور فرما۔ جو مقروض ہیں انھیں بار قرض سے سبک دوشی عطا فرما۔ جو بے اولاد ہیں ان کو صالح اولاد عطا فرما۔ یا اللہ ! جو مسلمان کسی جرم میں بے گناہ قید ہیں ان کو جیل سے رہائی عطا فرما۔ عالم اسلام میں جہاں کہیں بھی مسلمان مصیبتوں اور تکلیفوں سے دوچار ہیں ان کی مصیبتوں کو زائل فرما۔ مسلمان کے درمیان جو اختلاف وانتشار ہے اس کو اتفاق واتحاد میں تبدیل فرما۔ ظالموں کے ظلم، حاسدوں کے حسد، شریروں کی شرارتوں سے محفوظ ومامون فرما۔ جھوٹ، چغلی، غیبت، لوٹ مار، قتل وقتال، زنا، بے حیائی، بدکاری، دل آزاری، مکاری عیاری ہر طرح کی مذموم حرکتوں سے محفوظ ومامون فرما۔ ہمیں نیک اور صالح اولاد عطا فرما۔ اسلام اور مسلمانوں کی عزت وآبرو کی حفاظت فرما۔ اسلام اور مسلمانوں کو سربلندی عطا فرما۔ شجر اسلام کی آبیاری فرما۔ مسلمانوں کا کھویا ہوا عزت وو قار بحال فرما۔ باطل کو نیست ونابود اور شکست وریخت فرما۔ جب تک دنیا میں رہیں اسلام پر باقی رکھ۔ اللہ ورسول کی اطاعت میں لگے رہیں۔ جب تک دنیا میں رہنا ہمارا فائدہ مند ہو اور شریعت کی پابندی ہوتی رہے تب تک باقی رکھ اور جب مخالف ہوائیں چلنے لگیں تو ہمیں دنیا سے نجات عطا فرما۔ روضہ رسول ﷺ کی زیارت سے مشرف فرما۔ خواب میں رسول اللہ ﷺ کے رخ زیبا کی زیارت نصیب فرما۔ پنج وقتہ نمازوں کا عادی بنا۔ پانچوں نمازیں باجماعت مسجد کی پہلی صف میں ادا کرنے کی توفیق عطا فرما۔ نماز تہجد پڑھنے کا جذبہ عطا فرما۔ پڑوسیوں، دوستوں، رشتہ داروں سب سے صلہ رحمی اور خیر خواہی کرنے کی توفیق عطا فرما۔ یا الٰہی ! دکھادے وہ مدینہ کیسی بستی ہے جہاں پر رات دن مولیٰ تیری رحمت برستی ہے۔ الٰہی رونق اسلام کے سامان پیدا کر، دلوں میں مومنوں کے الفت قرآن پیدا کر۔ جو دل مردہ ہیں اور غافل نماز پنج گانہ سے الٰہی اپنی رحمت سے تو ان میں جان پیدا کر۔ یا الٰہی کچھ رہے یا نہ رہے پر یہ دعا ہے کہ نزع کے وقت سلامت ہم سب کا ایمان رہے۔ برحمتک یاارحم الراحمین۔ آمین

مرتب: محمد گل ریز رضا مصباحی بریلی